# 12659 ـ کیا قئی کرنے کے بعد بغیرارادہ کے نگل جانےسے روزہ باطل ہوجائے گا

**سوال**

روزہ دار نے قئي کرنے کے بعد بغیر ارادہ کےنگل لی تواس کا کیا حکم ہوگا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب عمدا اورجان بوجھ کرقئي کرے تواس کا روزہ فاسد ہوجائے گا لیکن اگر قئی اس پر غالب ہوکر خود بخود ہی آجائے توروزہ فاسد نہیں ہوگا ، اور اسی طرح جب وہ نگلنے میں متعمد نہیں توروزہ فاسد نہیں ہوگا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .